PAKISTAN POST
پاکستان پوسٹ

از دفتر پوسٹماسٹر جنرل جنوبی پنجاب سرکل ملتان

ٹینڈر نوٹس برائے فراہمی ادویات

1۔ پوسٹل ڈسپنسری، ملتان جی پی او کے لئے نیشنل/ملٹی نیشنل/ایلو پیتھک ادویات کی سپلائی کے لیے سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس رجسٹرڈ کمپنیز/مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹرز سے جو کسی بھی مجاز اتھارٹی سے بلیک لسٹ نہ ہوں اور ایلو پیتھک ادویات کی سپلائی کا وسیع تجربہ رکھتے ہوں برائے سال 2023-2022 کے لئے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں، جو حکومت پاکستان کے منظور شدہ ہسپتال کے نرخوں پر ادویات فراہم کر سکتے ہوں، کمپنیز / مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹرز لائسنس یافتہ ہوں۔ ٹینڈر میں حصہ لینے کے لیے ٹیکنیکل بڈز اور فنانشل بڈز دونوں الگ الگ پیش کرنا ہوں گی۔

2۔ ٹینڈر پبلک پروکیورمنٹ رولز 2004 کے تحت دیا جائے گا۔ ٹیکنیکل بڈز کے ساتھ مندرجہ ذیل ضروری کاغذات لف کریں۔

1۔ کمپنی کا نام 2۔ مالک کا نام 3۔ شناختی کارڈ کی کاپی 4۔ فون نمبر 5۔ آفس کا پتہ 6۔ ٹینڈر نوٹس بمعہ فنانشل پوزیشن

7۔ جنرل سیلز ٹیکس نمبر 8۔ نیشنل ٹیکس نمبر 9۔ انکم ٹیکس رجسٹریشن نمبر 10۔ سابقہ دو سال کی ٹیکس ریٹرن کی مصدقہ نقول

3۔ خواہش مند فارماسیوٹیکل کمپنیز /با اختیار ملٹی نیشنل فارماسیوٹیکل کمپنیز کے ڈیلرز /ڈسٹری بیوٹرز ادویات کی تفصیل پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ویب سائیٹ www.ppra.org.pk: اور پاکستان پوسٹ کی ویب سائیٹ www.pakpost.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

4۔ ٹینڈر کے ریٹس میں تمام اس وقت تک کے واجب الادا ٹیکسز شامل تصور ہوں گے بعد میں ٹیکسوں میں ردوبدل کی صورت میں بھی Vendor یہ ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔ ٹینڈر دہندہ کو اپنے خرچ پر پوسٹ آفس ڈسپنسری ملتان جی پی او میں ادویات کی سپلائی پہنچانا ہوگی۔

5۔ ٹینڈر فارم مورخہ 23-02-2023 بوقت 04:00 بجے دن تک دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، جنوبی پنجاب سرکل 4۔ مال روڈ ملتان کینٹ سے بعوض مبلغ -/2000 روپے (ناقابل واپسی) دستیاب ہونگے۔

6۔ ریٹس صرف دفتر سے جاری شدہ ٹینڈر فارم پر ہی پیش کیے جاسکیں گے۔ پیش کردہ ریٹس 30 جون 2023 تک مؤثر ہونگے۔

7۔ ٹینڈر فارم کے ساتھ مبلغ -/50,000 روپے۔ (پچاس ہزار روپے) بطور زرضمانت (قابل واپسی) پوسٹل ڈرافٹ کی صورت میں بنام پوسٹماسٹر جنرل جنوبی پنجاب سرکل ملتان کے ساتھ لگانا ضروری ہے۔ زرضمانت کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ کامیاب کمپنیز/مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹرز زرضمانت مالی سال 30 جون (23-2022) کے بعد واپس لینے کا حقدار ہوگا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ کو سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد 20 دن کے اندر تمام ادویات پوسٹل ڈسپنسری ملتان جی پی او کو سپلائی مکمل کرنا ہوگی۔ مقررہ مدت کے اندر سپلائی مکمل نہ کرنے اور سپلائی مطلوبہ معیار کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں فرم کا سپلائی آرڈر کینسل کر دیا جائے گا۔ اور زرضمانت بھی ضبط کر لی جائے گی۔

09۔ فرم کی طرف سے مالک یا نامزد کردہ نمائندہ اتھارٹی لیٹر کے ساتھ ٹینڈر میٹنگ میں شریک ہونے کا مجاز ہوگا۔

10۔ سربمہر ٹینڈر پوسٹماسٹر جنرل جنوبی پنجاب سرکل ملتان کے دفتر میں مورخہ 28-02-2023 کو 11:00 بجے دن تک ٹینڈر بکس میں ڈالے جاسکیں گے۔ جو اسی دن 12:00 بجے متعلقہ فرمز کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ کوئی ٹینڈر مقررہ وقت اور تاریخ کے بعد وصول نہیں کیا جائے گا۔

11۔ کمپنی/فرم ISO-9000 تصدیق شدہ ہو۔

12۔ سرٹیفکیٹ از ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان بابت Good Manufacturing Practices (GMP) ٹینڈر کے ساتھ منسلک ہو، بصورت دیگر کمپنی /فرم کو ٹینڈر میں شامل نہ کیا جائے گا۔

13 دفتر ہذا کو بیان حلفی -/100 روپے کے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی دینا ہوگا کہ کمپنی/فرم/ڈیلر/ڈسٹری بیوٹر بلیک لسٹ نہ ہے اور فرم کے خلاف کوئی فوجداری/دیوانی مقدمہ کسی عدالت میں زیر سماعت نہ ہے۔

14۔ پروکیور کنندہ ادارہ کسی بولی یا تجویز کو قبول کرنے سے قبل کسی وقت بھی تمام بولیوں یا تجاویز کو رد کر سکتا ہے۔ پروکیور کنندہ ادارہ درخواست کرنے پر کسی بھی فراہم کنندہ یا ٹھیکیدار کو جس نے کوئی بولی یا تجویز پیش کی ہو تمام بولیاں یا تجاویز رد کرنے کی وجوہات سے آگاہ کر سکتا ہے، مگر وہ وجوہات کا جواز پیش کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔

15۔ مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات میں ویلفیئر آفیسر سے ٹیلی فون نمبر 061-9201109 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل (ایڈمن)

جنوبی پنجاب، سرکل ملتان، فون نمبر 061-9200373